مطبوعات

نوائے بُردہ تالیف: جناب فروغ احمد صاحب

شائع کردہ: ادب اسلامی پبلیکیشنز۔ لاہور صفحات: ۱۵۲ قیمت: -/۵ روپے

زیر تبصرہ کتاب علامہ البوصیری (المتوفی ۶۹۶ ھ) کے شہرہ آفاق قصیدہ بُردہ کا منظوم اُردو ترجمہ ہے۔ اس قصیدہ نے دنیا میں جو شہرت حاصل کی ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شاید ہی دنیا کی کوئی ایسی زبان ہو جس میں اس کا ترجمہ نہ کیا گیا ہو۔

ترجمے کے علاوہ اس کی متعدد شروح بھی کی گئی ہیں۔ یہ قصیدہ ایک لافانی نذرانۂ عقیدت ہے جو حضور سرورِ دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ایک فدائی اور جاں نثار نے اپنے آقا کی بارگاہ اقدس میں پیش کیا ہے۔ ہم اسے اُردو ادب کی خوش بختی خیال کرتے ہیں کہ اس بے نظیر قصیدہ کو فروغ احمد صاحب جیسے صاحبِ دل اور درِ قادر الکلام شاعر نے اُردو نظم کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اسے پڑھتے ہوئے انسان اپنے اندر قریب قریب وہی کیفیات محسوس کرتا ہے جو عربی قصیدے کے مطالعے سے دل پر طاری ہوتی ہیں۔ ہم اس کامیاب کوشش کے لیے فاضل مصنّف کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔

مبادیاتِ فنِ مباحثہ تالیف: ابوالاعجاز حفیظ صدیقی

ناشر: مکتبہ رشیدیہ لمیٹڈ۔ صفحات: ۱۸۴ قیمت: -/۱۰ روپے

۴۲۔ اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور

یہ قابل قدر کتاب نوجوان طلبہ کے فکری نشوونما خصوصاً اظہار خیال کی قوت کی تربیت کے لیے مرتب کی گئی ہے اور اپنے مقصد میں بڑی کامیاب کوشش ہے۔ جو نوجوان تقریر کے میدان میں ترقی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بڑا مفید ہے۔ کتابت اور طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

نوجوانوں سے خطاب تالیف : اسعداللہ خاں بی - ایس سی علیگ

ملنے کا پتہ : اسعداللہ خاں ہومیوپیتھ - اکبر روڈ - کراچی ۱

صفحات : ۳۵۱ قیمت چھ روپے

عمرانیات طب پر ماضی میں بعض مفید کتب لکھی گئی تھیں - آج یورپ میں اس موضوع پر ہر سال متعدد کتابیں شائع ہوتی رہتی ہیں مگر دور حاضر کے سرمایہ اُردو میں اس نوعیت کی کتابیں بہت کم ہیں - اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے نوجوان اس موضوع پر مغربی لٹریچر کا مطالعہ کرتے ہیں جس سے ان کے اندر تخریبی رجحانات اُبھرنا شروع ہو جاتے ہیں - زیر تبصرہ کتاب میں نوجوانوں کو اپنی جوانی کے تحفظ اور بُری عادات سے اپنے آپ کو بچانے کے لیے مفید مشورے دیے گئے ہیں - کاش اس کتاب کا انداز بیان زیادہ سلجھا ہوا ہوتا تاکہ نوجوان اسے دلچسپی کے ساتھ مطالعہ کرتے - لیکن اس کمی کے باوجود یہ کتاب مفید ہے -

---

آئینہ حق تالیف : مولانا ابو النصر منظور احمد شاہ صاحب

ناشر : مکتبۂ فریدیہ ہائی سٹریٹ ساہیوال -

صفحات : ۱۲۵ قیمت : ساڑھے چھ روپے

کتاب کے فاضل مصنّف ذہنی اعتبار سے مناظر ہیں اس لیے انہوں نے مسیحوں کی طرف سے اُٹھائے جانے والے اعتراضات کو یکجا کر کے اُن کے جوابات تحریر کر دیے ہیں - مباحث کے چند عنوانات یہ ہیں :

وراثت ابراہیمی میں ذبیح اللہ کون ہے ، ردّ الوہیت ، تردید مسئلہ کفارہ ، تردید عقیدہ تثلیث ، تحریف بائیبل - تناقضات بائیبل -

کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر بہت سے موضوعات پر محیط ہے - انداز بیان مناظرانہ ہے - طباعت اور کتابت معیاری ہے -

---